Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 11 Preparation

Q1. سورہ الصفت کون سی سورت ہے

Ans 1: سورہ الصفت مکی سورت ہے.

Q2. سورہ الروم کا آغاز کس حروف سے ہوتا ہے.

Ans 1: سورۃ الروم کا آغاز بھی حروف مقطعات میں سے الم سے ہوتا ہے.

Q3. سورۃ یٰسین کی فضیلت کیا ہے.

Ans 1: سورۃ یٰسین بہت فضیلت والی سورت ہے. اس قرآن مجید کا دل قرار دیا گیا ہے.

Q4. جھوٹے شاعروں کی پیروی کرنے والے لوگ کیسے ہوتے ہیں

Ans 1: جھوٹے شاعروں کی پریو کرے والے لوگ عموما گمراہ ہوتے ہیں

Q5. جہنمیوں کو کیا دیا جائے گا

Ans 1: جہنمیوں کو کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا.

Q6. سورہ لقمٰن کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورہ لقمٰن مکی سورت ہے.

Q7. سورہ القصص میں کتنی آیات اور رکوع ہیں.

Ans 1: سورہ القصص میں 88 آیات اور 9 رکوع ہیں

Q8. سورہ الروم میں سود کے بارے میں کیا فرمایاگیا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی کے نزدیک سود سے مال گھٹتا ہے اور زکوۃ سے مال بڑھتا ہے.

Q9. سورۃ الانبیاء کا خلاصہ کیا ہے؟

Ans 1: سورۃ الانبیاء اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر طرح طرح کے ستم ڈھارہے تھے- سورۃ الانبیاء میں توحید باری تعالی کے دلائل دیے گئے ہیں- قرآن مجید اور رسالت پر مشرکین کے اعتراضات کا بھر پور جواب دیا گیاہے. سورت کے درمیانی حصہ میں انبیاء کرام عنھا السلام اور حضرت مریم علیہ السلامکا تذکرہ فرمایا گیا ہے.

Ans 2: سورۃ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے- قیامت کے قریب آنے اور دیگر احوال قیامت کا بیان ہے- پھر اس حقیقت کا زکر ہے کہ ثابت قدمی اور اخلاص کے ساتھ نیکی کی راہ پر چلنے والوں کے لیے کامیابی ہے. دوسری مکی سورتوں کی طرح سورۃ الانبیاء کا خلاصہ بھی توحید ، رسالت اور آخرت کا بیان ہے.

Q10. سورۃ السجدہ کی ایک فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ میں قرآن مجید پر ایان لانے کی دعوت دی گئی ہے توحید اور آخرت کے دلائل بیان کئے گئے ہیں